**27.10.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

**Music**

…………………………………

☆ انتخابی کمیشن نے 12ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں ووٹروں کی فہرستوں کی خصوصی نظرِ ثانی کی مہم کے دوسرے مرحلے کا اعلان کیا ہے۔ اِس عمل کا آغاز کل ہوگا اور یہ اگلے سال 7فروری کو ختم ہوگا۔

☆ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کوالالمپور میں مشرقی ایشیائی چوٹی کانفرنس سے خطاب کیا۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف اجتماعی طور پر کارروائی کرنے کیلئے عالمی برداری پر زور دیا۔ انہوں نے اس لعنت کے خلاف دفاع کے حق پر بھی زور دیا۔

☆ حکومت نے ملک بھر میں پانچ ہزار 500 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی سرمایہ کاری والے الیکٹرانک آلات کی تیاری کے پلانٹوں کو قائم کرنے کیلئے 7درخواستوں کو منظوری دی ہے۔

☆ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے، سمندری طوفان Montha کے اثر کے مدنظر ساحلی آندھرا پردیش، اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں انتہائی شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور Squash میں، بھارت کی Anahat Singh، ٹورینٹو میں کناڈا کی خواتین اوپن کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

…………………………………

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**EC SIR**

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ ووٹروں کی فہرست پر خصوصی نظرثانی SIR کی مہم 12ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں چلائی جائے گی۔ یہ ریاستیں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے ہیں:انڈومان و نکوبار جزائر، لکشدیپ، چھتیس گڑھ، گوا، گجرات، کیرالہ، مدھیہ پردیش، پڈوچیری، راجستھان، تمل ناڈو، اترپردیش اور مغربی بنگال۔ نئی دلّی میں میڈیا کو آج تفصیلات بتاتے ہوئے، اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا کہ اِس نظرِثانی کا مقصد ووٹروں کی فہرست کو مزید شفاف اور خامیوں سے پاک بنانا ہے۔ CEC نے یہ بھی اجاگر کیا کہ انتخابی ادارے کو، بہار میں ووٹروں کی فہرستوں پر خصوصی نظرِثانی مہم کے پہلے مرحلے میں کوئی بھی اپیل موصول نہیں ہوئی۔

**SB - 1700 Gyanesh on 12 State 17 Sec**

جناب کمار نے کہا کہ SIR کے دوسرے مرحلے میں 51 کروڑ ووٹروں کا احاطہ کیا جائے گا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ تمام 12ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں، جہاں SIR کی مہم چلائی جائے گی، ووٹروں کی فہرستوں کو آج رات آدھی رات سے منجمد کردیا جائے گا۔ جناب کمار نے کہا کہ شمار کرنے کے فارم کی چھپائی اور BLOs تربیت کا آغاز کل سے ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِن 12ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں، بوتھ کی سطح کے افسران BLOs شمار کرنے کے خصوصی فارم، موجودہ ووٹروں کو تقسیم کریں گے۔ CEC نے کہا کہ شمار کرنے کا عمل 4نومبر سے ایک مہینے کیلئے شروع ہوگا۔

ووٹروں کی فہرست کا مسودہ 9دسمبر کو شائع کیا جائے گا، جبکہ حتمی ووٹروں کی فہرست اگلے سال 7فروری کو شائع کی جائے گی۔

CEC نے اِس بات کو واضح کیا کہ اُن رائے دہندگان کو، جن کے نام2003 کی ووٹر فہرست میں تھے، انہیں کوئی اضافی دستاویزات فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اُن ووٹروں کو جن کے نام 2003 کی ووٹر فہرست میں نہیں تھے، لیکن جن کے والدین کے نام اُس فہرست میں شامل ہیں، انہیں بھی کوئی اور دستاویزات جمع کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ x

## Jaishankar East Asia Summit

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ دنیا کو دہشت گردی کے خلاف صفر برداشت کا مظاہرہ کرنا چاہیئے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ یہ لعنت اب بھی عالمی امن اور استحکام کیلئے سب سے بڑے خطرات میں سے ایک ہے۔ انہوں نے یہ بات آج ملیشیا کے شہر کوالالمپور میں 20ویں مشرقی ایشیائی چوٹی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب جے شنکر نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف دفاع کے حق سے کبھی بھی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ اِس کے خلاف اجتماعی طور پر کارروائی کریں۔

جناب جے شنکر نے بھارت - بحرالکاہل سے متعلق جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کی ایسوسی ایشن ASEAN کے نقطۂ نظر کے مطابق سمندری شعبے میں تعاون کو بڑھانے کے بھارت کے عہد کا اعادہ کیا نیز سمندر کے قانون سے متعلق 1982کے اقوامِ متحدہ کے کنونشن کے تئیں عہد کو بھی دوہرایا۔ انہوں نے مزید اعلان کیا کہ سال 2026 کو سمندری تعاون کے آسیان - بھارت سال کے طور پر منایا جائے گا۔

یوکرین اور غزہ میں جاری تصادم کا حوالہ دیتے ہوئے، ڈاکٹر جے شنکر نے غزہ امن منصوبے کا خیرمقدم کیا اور یوکرین میں لڑائی کے جلد خاتمے کیلئے بھارت کے مطالبے کا اعادہ کیا۔ علاقائی کنیکٹیویٹی کے بارے میں بات کرتے ہوئے، وزیرِ خارجہ نے کہا کہ بھارت، اِس سال مارچ میں میانمار میں زلزلے کے دوران سب سے پہلے مدد کرنے والے کے طور پر آگے آیا تھا۔ انہوں نے بھارت - میانمار - تھائی لینڈ سہ جہتی ہائی وے پروجیکٹ کے تئیں عہد کا اعادہ بھی کیا۔

اپنے بیان کے اختتام میں، ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ بھارت، مشرقی ایشیائی چوٹی کانفرنس کو، پورے بھارت- بحرالکاہل خطے میں امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر اہمیت دیتا ہے۔ x

## Jaishankar Meetings

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کوالالمپور میں آسیان میٹنگوں کے موقعے پر کئی عالمی رہنماؤں سے ملاقات کی ہے۔ انھوں نے نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم کرسٹوفر Luxon سے ملاقات کی اور باہمی تعلقات کو آگے بڑھانے اور ایک آزاد اور کھلے بھارت بحرالکاہل کے نشو ونما کے تئیں اُن کے عہد کا خیر مقدم کیا۔ انھوں نے امریکہ کے وزیر خارجہ مارکوروبیو سے بھی آج صبح ملاقات کی۔ انھوں نے باہمی تعلقات سمیت علاقائی اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کی ستائش کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے اپنے جاپانی ہم منصب Motegi Toshimitsu سے بھی بات چیت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملک، بھارت اور جاپان کے درمیان اگلی دہائی کے آپسی تعاون کے مشترکہ وژن کو نافذ کرنے کیلئے مل کر کام کرنے پر رضامند ہوئے ہیں۔

دونوں رہنماؤں نے عالمی صورتحال اور بھارت–بحرالکاہل تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اُن کی بات چیت سے دونوں ملکوں کے درمیان خصوصی کلیدی اور عالمی شراکت داری کی اہمیت اور گرمجوشی کا اظہار ہوتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے ملیشیا کے اپنے ہم منصب محمد حاجی حسن سے بھی ملاقات کی۔ وزیر خارجہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعاون پر پیشرفت، ان کی بات چیت کا نمایاں پہلو ہے۔ دونوں رہنماؤں نے میانما کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ وزیرموصوف نے آسیان اور مشرقی ایشیا سربراہ میٹنگوں کی کامیابی کیلئے اپنی نیک تمنائیں پیش کیں۔x

## Ashwini ECMS Approval

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے آج الیکٹرانک کَل پُرزے کی مینوفیکچرنگ کی اسکیم ECMS کے تحت 7 درخواستوں کو منظوری دی ہے۔ اِن پر پانچ ہزار 532 کروڑ روپئے کی مجموعی سرمایہ کاری ہوگی اور توقع ہے کہ اِس سے 36 ہزار 559 کروڑ روپئے کی پروڈکشن ہوگی۔ اِن سے پانچ ہزار سے زیادہ بلاواسطہ نوکریاں پیدا ہونے کی توقع ہے۔ منظور شدہ پروجیکٹوں میں ملٹی لیئر PCBs،HDI PCBs ، کیمرہ ماڈیول سب اسمبلیز، کیمینیٹس اور پولی پروپ لین شامل ہیں۔ اس سے اہم الیکٹرانک کَل پُرزے میں بھارت کی بڑھتی ہوئی خودکفالت کا اظہار ہوتا ہے۔آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ الیکٹرانک کَل پُرزے بنانے کے 7 پلانٹ کی منظوری دی گئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِن پلانٹ سے گھریلو مانگیں پوری ہوں گی۔

### S/B Ashwini Vaishnow

یہ پلانٹ تمل ناڈو، آندھراپردیش اور مدھیہ پردیش میں قائم کئے جائیں گے اور اِس سے بھارت کی علاقائی مینوفیکچرنگ کی بہتری اور متوازن صنعتی نشو ونما کو مزید استحکام ملے گا۔x

## Cyclonic Storm Montha

سمندری طوفان مونتھا، جو خلیج بنگال کی سمت بڑھ رہا ہے، اب شدت اختیار کرتا جارہا ہے اور اس کے کَل

تک ایک شدید طوفان میں تبدیل ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ سمندری معلومات سے متعلق بھارت کے قومی مرکز INCOIS کے مطابق یہ طوفان ابھی چنئی سے 560 کلو میٹر جنوب مشرق میں ہے اور خلیج بنگال کے وسط مغربی خطے کی طرف بڑھ رہا ہے۔پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Joy**

اس طوفان سے آندھراپردیش، تمل ناڈو، پدوچیری اور اڈیشہ کے ساحلی علاقوں میں چند روز تک تیز ہوائیں چلنے اور شدید بارش کا امکان ہے۔ حکام نے ان علاقوں میں ماہی گیروں کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ سمندر کا رخ نہ کریں کیونکہ بدھ تک سمندری لہروں میں شدت رہے گی۔ آندھراپردیش کے کاکی ناڑہ، مشرقی گوداوری، کوناسیما، ایلورو اور مغربی گوداوری اضلاع کیلئے ہائی الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اور صورتحال سے نمٹنے کیلئے حکام نے مناسب بندوبست کیا ہے۔ خطرے کے مقامات سے لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ اسکولوں کو بند کردیا گیا ہے اور ماہی گیروں کو سمندر میں نہ جانے کی ہدایت دی گئی ہے۔

چنئی سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالواحد

سمندری طوفان مونتھا کے اڈیشہ ساحل کی طرف بڑھنے کے پیش نظر اڈیشہ حکومت نے بھی کسی بھی ناگہانی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مناسب تیاری کی ہے۔ODRAF اور NDRF کی 128 ٹیموں کو مختلف اضلاع میں تعینات کیا گیا ہے۔x

پیش ہے ایک رپورٹ...

**VC Prakash Dash**

سمندری طوفان مونتھا نے اثر دکھانا شروع کردیا ہے۔ اڈیشہ کے جنوبی ساحلی علاقوں میں آج دوپہر سے بارش شروع ہوگئی ہے۔ موسم کی اس تبدیلی سے ریاست کے کئی اضلاع بھی متاثر ہوئے ہیں۔ محکمہ موسمیات نے جنوبی اڈیشہ کے 8اضلاع، ملکان گری، کوراپٹ، رائے گڑھ، گنجام، گجاپتی، کندھمال، کالاہانڈی اور نَب رنگ پور کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ ان اضلاع میں کل سے تین دنوں کیلئے اسکول بند کردیئے گئے ہیں جبکہ بھارتی ریلوے نے 43ٹرینوں کو منسوخ کردیا ہے جبکہ متعدد ٹرینوں کے روٹ میں تبدیلی کی گئی ہے۔ سمندری طوفان کے پیش نظر حکام کی جانب سے مناسب حفاظتی اقدامات کئے جارہے ہیں۔

بھوبنیشور سے پرکاش داس کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں شاہد حبیب

## 79 Infantry Day

بھارتی فوج آج اُناسی واں Infantry Day منا رہی ہے۔ یہ دن آزاد بھارت کی اُس پہلی فوجی کارروائی کی یاد میں منایا جاتا ہے، جب بھارتی فوج نے کشمیر وادی میں 27اکتوبر 1947 کو بھارتی سرزمین پر پہلے حملے کو پسپا کردیا تھا۔ اِس موقع پر Infantry کے ڈائریکٹر جنرل، لیفٹننٹ جنرل اجے کمار نے Infantry کے سبھی سابق اور موجودہ فوجیوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

**SB - LT Gen Ajay Kumar - 25 Sec**

## GST Electronics

کئی شعبوں میں GST کی شرحوں میں کمی کے بعد پچھلے مہینے کی 22 تاریخ سے جاری GST بچت اُتسو سے ملک بھر کے شہریوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ الیکٹرانکس کے سازوسامان پر نئی GST شرحوں سے عام لوگوں کو کیسے فائدہ ہو رہا ہے، اس پر پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ...

**VC Saklen**

آئندہ سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت اہم الیکٹرانک سازوسامان پر ٹیکس شرحیں بھارت کی گھریلو مینوفیکچرنگ ایکو سسٹم کو مستحکم کرنے کے تئیں ایک اہم قدم ہے اور اس سے صارفین کو کفایتی شرحوں پر سامان مل رہے ہیں۔ ایئر کنڈیشن، برتن دھونے کی مشینوں اور ٹیلی ویژن پر جی ایس ٹی 18 فیصد کردی گئی ہے جبکہ پہلے یہ 28 فیصد تھی۔ اس فیصلے سے نہ صرف گھریلو صنعتوں کے مارکیٹ سائز میں توسیع ہوئی ہے بلکہ درآمدات پر انحصار بھی کم ہوا ہے اور ملک کی پیداوار کی صلاحیت بھی مستحکم ہوئی ہے۔ اسی طرح مونیٹر اور پروجیکٹر سمیت اطلاعاتی اور مواصلاتی ٹیکنالوجی ہارڈویئر پر جی ایس ٹی 18 فیصد کردی گئی ہے جبکہ پہلے یہ 28 فیصد تھی۔ اس سے تعلیمی اداروں، دفاتر اور ڈیجیٹل لرننگ مراکز کیلئے یہ سامان کفایتی ہوگئے ہیں۔ گھریلو الیکٹرانک مینوفیکچرنگ کو مستحکم کرنے، MSMEs کو مزید مقابلہ جاتی بنانے اور شہریوں کیلئے ضروری ٹیکنالوجیز کی دستیابی میں اضافے کی جانب الیکٹرانک سازوسامان پر GST کی نئی شرحیں ،ایک اہم قدم ہیں۔x
ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالواحد

## Canadian Women Open Squash

Squash میں نیشنل چمپئن Anahat Singh عالمی نمبر 20 فرانس کی Melissa Alves کو شکست دے کر ٹورنٹو میں جاری Canadian Women's Open کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ دلّی کی 17 سالہ Anahat ، جو عالمی درجہ بندی میں 43 ویں مقام پر ہیں، نے Alves کو بارہ—دَس، بارہ—دَس، آٹھ—گیارہ اور گیارہ—دو سے کل شکست دی۔ آخری آٹھویں مقابلے میں Anahat کا مقابلہ بیلجیم کی Tinne Gilis سے ہوگا۔ Tinne Gilis نے Torrie Malik کو گیارہ—سات، گیارہ—چار، سات—گیارہ اور گیارہ- سات سے شکست دی تھی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆